# الجامعة البنورية العالمية — دار الافتاء والقضاء

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

email: darulifta@gmail.com | web: www.onlinefatawa.com | ph: +92 21 32570077 | fax: +92 21 32564586


| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| Name : **Bismah Asdar** | | Serial No : **32164** | | MODE: **Regular** |
| Address : **>** | | Date : **11/28/2017** | | |
| Subject : **Namaz** | | Contact No: | | |
| Writer : محمد اشرف | | Email : | | |

The issue of women prayer: I want to know the references for women prayer in islam.. As i am a beginner i want reference from saha-e-sittah only. (Regarding sajda and Tashad only).. Please only from them not other books.

سوال: عورت کی نماز کا مسئلہ: میں اسلام میں عورت کی نماز کے لئے حوالہ جاننا چاہتی ہوں جیسا کہ میں شروع کرنے والی ہوں میں حوالہ صرف صحاح ستہ سے چاہتی ہوں (صرف سجدہ اور تشہد کے بارے میں)... پلیز صرف انہیں کتابوں سے دوسری کتابوں سے نہیں۔

## الجواب حامدا ومصلیا

مسلمان قرآن کریم کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت اور حضرات صحابہؓ کے طرز عمل کا اتباع کرتا ہے اور آپؐ کے اقوال، افعال اور تقریرات صرف صحاح ستہ میں ہی نہیں بلکہ مختلف کتب حدیث میں منتشر ملتے ہیں جبکہ صحاح ستہ چند مخصوص سنتوں کے مجموعے ہیں جو ان حضرات نے اپنے اصولوں کے پیش نظر ترتیب دیئے ہیں ان ہی سے حوالہ کا مطالبہ کرنا اور دیگر احادیث مبارکہ کے مجموعوں کو نظر انداز کرنا بہت بڑی جسارت ہے جس سے یوں لگتا ہے کہ مقصد اتباع سنت وشریعت نہیں بلکہ صحاح ستہ کا اتباع مقصود ہے اور یہ خطرناک غلطی ہے، جہاں تک مذکور مسئلے کا تعلق ہے تو سائلہ کو چاہیئے کہ "بہشتی زیور" سے نماز کا طریقہ پڑھ کر اسی طریقے سے نماز اداء کرے اور احادیث کیلئے "عورت اور مرد کی نماز کا فرق" مؤلفہ مفتی عبد الرؤوف سکھروی کا مطالعہ کرے ان شاء اللہ مفید رہے گا۔ واللہ اعلم

محمد اشرف عفا اللہ عنہ

دار الإفتاء جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی

۱۶ - ربیع الاول - ۱۴۳۹ھ

الجواب صحیح

بندہ نادر جان [illegible]

دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی

۱۷ / ۳ / ۱۴۳۹ھ

الجواب صحیح

بندہ سیف اللہ جمیل

دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی

۱۸ / ۳ / ۱۴۳۹ھ

دار الافتاء ۳۲۱۶۴ ۱۸/۳/۱۴۳۹ھ

نائب رئیس

رئیس

7/12/17